Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

اسکول میں کامیابی اچھی حاضری سے شروع ہوتی ہے

باقاعدگی سے اسکول جانا ایک ایسی عادت ہے جو اسکول میں کامیابی کی طرف لے جاتی ہے۔

https://www.fcps.edu/attendance

والدین کیا کر سکتے ہیں

- اپنے بچے کا معمول ترتیب دینے اور اسے برقرار رکھنے میں اس کی مدد کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا بچہ اپنی نیند پوری کرے۔
- اگر بچے بیمار نہیں ہیں تو انہیں اسکول بھیجیں۔
- ڈاکٹر کی اپائنٹمنٹس اسکول کے اوقات کے علاوہ رکھیں۔
- اسکول کھلے ہونے کے دوران لمبے عرصے کی سیر و تفریح سے گریز کریں۔

ایلیمینٹری اسکول کے طلباء کیلیئے:

- اپنے بچے کو ایک رات پہلے اپنے کپڑے اور اسکول کا بستہ تیار کرنے میں مدد کریں۔
- ہر رات ہوم ورک ضرور دیکھیں۔
- بس چھوٹ جانے کی صورت میں یا اگر آپ ٹرانسپورٹیشن مہیا نہیں کر سکتے تو اسکول جانے کیلیئے ایک دوسرا منصوبہ تیار رکھیں۔
- اگر آپ کا بچہ اسکول جانے سے پریشان ہوتا ہے تو اساتذہ، اسکول کونسلرز یا دیگر والدین سے مشورہ کریں۔

مڈل اور ہائی اسکول کے طلباء کیلیئے:

- ہر روز اسکول جانے کی اہمیت کے بارے میں بات چیت کریں۔
- اپنے نوجوان بچوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اسکول وقت پر پہنچیں۔ تاخیر سے پہنچنے کی عادت ناقص کارکردگی کی طرف لے جا سکتی ہے۔
- اپنے نوجوان بچوں کی حاضری پر نظر رکھیں۔
- تعلیمی کارکردگی پر نظر رکھیں۔
- اپنے نوجوان بچوں کے دوستوں کے بارے میں جانیں۔ ساتھیوں کا دباؤ اسکول سے غیر حاضری کی طرف لے جا سکتا ہے۔ ایسے طلباء جن کے بہت زیادہ دوست نہیں ہوتے وہ تنہا محسوس کر سکتے ہیں۔
- طلباء کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اسکول کے بعد ہونے والی سرگرمیوں جیسے کھیل اور کلب میں حصہ لیں جن سے انہیں اسکول کے ساتھ جڑے رہنے میں مدد ملتی ہے۔
- اگر آپ کے نوجوان بچے کو اسکول آنے میں دقت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو اسکول ، دوسرے والدین یا کمیونٹی ایجنسیوں سے مدد کی درخواست کریں۔

حوالہ: www.AttendanceWorks.org

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکول کی حاضری پالیسی

https://www.fcps.edu/about-fcps/policies-regulations-and-notices/attendance-policies

- اگر آپ کا بچہ غیر حاضر یا تاخیر سے پہنچے گا تو صبح حاضری لینے کے اوقات سے پہلے پہلے، اپنے اسکول کی حاضری لائن پر کال کریں۔
- ورجینا کے قانون کے مطابق 5 سے 18 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کے لیئے اسکول میں داخلہ لینا اور روزانہ اسکول جانا لازمی ہے۔
- **ایسا طالب علم جو اسکول سے مسلسل 15 یا اس سے زائد دنوں کے لیئے غیرحاضر رہتا ہے اسے اسکول سے نکال دیا جاتا ہے اور اسکول میں واپس آنے کے لیئے اسے سرکاری طور پر دوبارہ رجسٹریشن کروانے کی ضرورت ہوتی ہے۔**